Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

2 مارچ، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

پچھلے جمعے کو میں نے آپکے ساتھ اشتراک کیا تھا کہ میں اس ماہ اپنا عہدہ چھوڑ دونگا، چانسلر ہونے کا اعزاز اور ذمہ داری Meisha Porter کو سونپتے ہوئے، محکمئہ تعلیم کی 20 سالہ تجربہ کار جو فی الوقت بطور برونکس ایکزیکٹو سپرنٹنڈنٹ خدمات انجام دے رہی ہیں۔ بطور ایک ایکزیکٹو سپرنٹنڈنٹ کے Porter اور میں نے منتقلی پر کام کیا ہے، میں یہ یقینی بنانا چاہتا ہوں کہ آپ اگلے چند ہفتوں میں آنے والے اہم مواقع سے آگاہ رہیں۔

سب سے پہلے، میں انتہائی پُرجوش ہیں کہ ہم نے آخرکار اپنے مڈل اسکولوں کو بذات خود تعلیم موجودگی (in person) کے لیے دوبارہ کھول دیا ہے۔ یہ ایک سنگ میل ہے جسکا میں منتظر تھا اور میں مڈل اسکول میں اپنے طلبا اور اساتذہ کو صحتمند، محفوظ اور معاونتی کلاس رومز میں محنت سے کام کرتے دیکھ کر بہت خوش ہوا۔ جیسا کہ ہمارے الیمنٹری گریڈز میں ہوا، تمام مڈل اسکولوں میں 20 فیصد طلبا اور عملے کا بلا ترتیب انداز میں ہفتہ وار بنیاد پر ٹیسٹ کیا جائے گا۔ ہمارے الیمنٹری گریڈز کی مانند، مڈل اسکول طلبا کے لیے انکے شیڈول کردہ پہلے اِن پرسن تعلیمی دن انہیں بھی COVID-19 ٹیسٹنگ کے لیے اجازت نامہ فراہم کرنا لازمی ہے۔ آپ ایسا اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ کے ذریعے mystudent.nyc پر کرسکتے ہیں۔

ہمیں اپنے ہائی اسکولوں کو جتنی جلد ممکن ہو کھولنے کے لیے ہر ایک کی مدد درکار ہے۔ ہماری مرکزی توجہ یہ یقینی بنانا رہے گی کہ ہر حفاظتی احتیاط کی جائے، اور ہم جلد ہی ایک گوشوراہ وقت کا اعلان کریں گے۔

اب جبکہ ہم تعلیمی سال کے آخری چند ہفتوں میں داخل ہورہے ہیں، میں با مسرت آپکی اور آپکے بچوں کی مزید اعانت کے لیے کئی پروگرامز اور مواقع پیش کررہا ہوں۔ اہل خانہ کے لیے اس تازہ معلومات میں، آپ ذیل کے بارے میں اہم معلومات اور وسائل دیکھ سکتے ہیں:

- والدین اساتذہ کانفرنسوں کے لیے تیاری کرنا
- خزاں 2021 کے لیے پری کنڈرگارٹن اور 3-K میں درخواست دینا
- خاندانوں اور برادریوں کے لیے "ویک اینڈ ویلنس" سرگرمیوں میں حصہ لینا

مجھے احساس ہے کہ ہم سب عالمی وبا کی تھکن کے تجربے سے گزر رہے یہں، لیکن جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ ہمارے طلبا نے کیا کامیابیاں حاصل کی ہیں— اِن پرسن اور ریموٹ دونوں میں — یہ مجھے یاد دلاتا ہے کہ ہم سب نے پچھلے 11 ماہ سے کس لیے اتنی سخت محنت کی ہے۔ میرا آپ سے عہد آج بھی اتنا ہی سچ ہے جتنا یہ اس وقت تھا جب میں نے قوم کے سب سے اختراعی اسکولی نظام کی قیادت شروع کی تھی: یہ کہ محکمئہ تعلیم میں ہم سب اپنے تمام طلبا کو بہترین ممکنہ تعلیم فراہم کرنا جاری رکھیں گے، ممکنہ محفوظ ترین ماحول میں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

تازہ ترین معلومات برائے اہل خانہ، 2 مارچ، 2021

والدین اساتذہ کانفرنسوں کے لیے تیاری کرنا

بدھ، 3 مارچ سے شروع، پانچوں بروز میں پبلک اسکول اس سال کی تیسری والدین اساتذہ کانفرنس ریموٹلی منعقد کریں گے۔ آپ کے بچے کا استاد باہمی طور پر سہل وقت پر ایک کانفرنس کو شیڈول کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گا۔ ان کے اسکول کی دوپہر کے کانفرنس والی تاریخ کو آپ کے بچے کی چھٹی تین گھنٹے قبل کی جائے گی۔

والدین اساتذہ کانفرنسیں خاندانوں کو اساتذہ سے یہ بات کرنے کا موقع فراہم کرتی ہیں کہ ان کے بچے اسکول میں کیا تعلیم و تدریس حاصل کررہے ہیں۔ یہ مختصر ملاقاتیں خاندانوں اور اساتذہ کو اس پر بات کرنے کا موقع بھی دیتی ہیں کہ کلاس روم سے باہر طالب علم کی تدریس کی معاونت کس طرح کی جائے۔

ہم آپکو اس وقت کو کسی بھی مسابقتوں یا تشویشات پر توجہ دینے کے لیے استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جن سے آپکے بچے کا اسکول میں سامنا ہے جیسے جیسے ہم تعلیمی سال کے آخری مہینوں پر پہنچ رہے ہیں۔

ذیل میں موسم بہار کانفرنسوں کا شیڈول ہے:

- 3 مارچ: الیمنٹری اور K-8 اسکول، شام کی کانفرنسیں
- 4 مارچ: الیمنٹری اور K–8 اسکولز، دوپہر کی کانفرنس
- 10 مارچ: مڈل اسکولز اور ضلع 75 اسکولز اور پروگرامز، شام کی کانفرنسیں
- 11 مارچ: مڈل اسکولز اور ضلع 75 اسکولز اور پروگرامز، شام دوپہر کی کانفرنس
- 18 مارچ: ہائی اسکولز، K-12 اور 6-12 اسکولز، شام کی کانفرنسیں
- 19 مارچ: ہائی اسکولز، K–12 اور 6–12 اسکولز، دوپہر کی کانفرنسیں

براہ کرم متوجہ ہوں:

- یہ تواریخ اور اوقات اسکول کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ ہم تجویز کریں گے کہ آپ اپنے بچے کے استاد یا اسکول انتظامیہ سے اپنے اسکول کی کانفرنس کی تواریخ اور اوقات کی تصدیق کے لیے رابطہ کریں۔

تجاویز کے لیے کہ کیسے والدین اساتذہ کانفرنسوں کو مفید بنایا جائے، schools.nyc.gov/ptc پر جائیں، یا محکمئہ تعلیم کے باضابطہ بلاگ، The Morning Bell پر جائیں۔

اگر آپکو ٹیکنالوجی میں مدد درکار ہے، پیرنٹ یونیورسٹی اس سلسلے میں مدد فراہم کرتی ہے کہ والدین اساتذہ کانفرنسوں میں حصہ لینے کے لیے ایسے پلیٹ فارمز جیسے مائیکروسافٹ ٹیمز (Microsoft Teams)، ٹرانسلیٹر اور انکے رسائی کے وسیلوں کو کیسے استعمال کیا جائے۔ وہاں، آپکو ایسے موضوعات پر گوگل وڈیوز ملیں گے جیسے ایک کیلنڈر انوائٹ سے گوگل میٹ (Google Meet) تک کیسے رسائی حاصل کریں اور گوگل میٹ میں عنوانات اور چیٹ کا کیسے ترجمہ کریں۔ مزید کے لیے ذیل پر parent.schools.nyc جائیں۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

خزاں 2021 کے لیے پری کنڈرگارٹن اور 3-K میں درخواست دینا

بچے جو 3-K اور پری کے فار آل میں شرکت کرتے ہیں وہ اسکول اور زندگی میں ایک مضبوط آغاز کرتے ہیں۔ وہ مسائل حل کرنا، سوالات پوچھنا سیکھتے ہیں، اور اپنے اردگرد کی دنیا کی چھان بین کرتے ہیں۔ اب یہاں شہر کے تمام بچوں کے لیے ہمیشہ سے زیادہ 3-K اور پری کے فار آل پروگرامز حفاظت کے ساتھ، مُشفق تدریسی برادری فراہم کرنے کے لیے موجود ہیں۔

پری کے فار آل درخواست دہی تعلیمی سال 2021-2022 کے لیے اب کھلا ہے، اور درخواست کی حتمی تاریخ **7 اپریل، 2021** ہے۔ نیویارک شہر میں 2017 میں پیدا ہونے والے بچوں کے تمام خاندان درخواست دے سکتے ہیں۔ ہر چار سالہ بچے کے لیے ایک پری کنڈرگارٹن نشست ہے؛ اپنی پسند کے ایک پروگرام میں ایک پیشکش موصول کرنے کے اپنے بہترین موقع کے لیے درخواست جمع کروائیں۔ schools.nyc.gov/prek پر مزید جانیں۔

3-K درخواست دہی تعلیمی سال 2021-2022 کے لیے اب کھلا ہے، اور درخواست کی حتمی تاریخ **30 اپریل، 2021** ہے۔ نیویارک شہر میں 2018 میں پیدا ہونے والے بچوں کے تمام خاندان درخواست دے سکتے ہیں۔ schools.nyc.gov/3K پر مزید جانیں۔

- خزاں 2021 میں، 3-K فار آل پروگراموں کی پیشکش ان اضلاع میں جائے گی 5، 4، 1 اور 6 (مین ہیٹن)؛ 9، 8، 7، اور 12 (برونکس)؛ 23، 19، 16، 14 اور 32 (بروکلن)؛ 27 اور 29 (کوئنز)؛ اور 31 (اسٹیٹن آئیلینڈ)۔ وہ بچے جو 3-K اضلاع میں رہتے ہیں انہیں شرکت کرنے میں ترجیح ہے، لیکن کسی بھی ضلع میں رہنے والے خاندانوں کا درخواست دینے کے لیے خیرمقدم کیا جاتا ہے (آپ 311 کو فون کر کے یا schools.nyc.gov/Find-a-School پر جاکر اپنا ضلع معلوم کرسکتے ہیں۔)
- ہر ضلع میں، 3-K پروگرامز ان خاندانوں کے لیے دستیاب ہیں جو اپنی آمدنی اور ضروریات کی بنیاد پر اہل قرار پاتے ہیں۔ یہ پروگرامز ،بشمول ہیڈ اسٹارٹ کے، مفت یا کم قیمت ہیں اور تمام سال 10 گھنٹے فی دن تک دیکھ بھال فراہم کرتے ہیں۔

آپ 3-K یا پری کنڈرگارٹن میں دو میں سے کسی ایک طریقے کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں:

- **MySchools.nyc پر آن لائن**. یہ انتخاب دن میں 24 گھنٹے، ہفتے میں 7 دن، انگریزی، عربی، بنگلہ، چینی، فرانسیسی، ہیشئن کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی، اور اُردو میں دستیاب ہے۔
- **بذریعہ فون 718-935-2009** ہمیں کال کریں پیر تا جمعہ، صبح 8 تا شام 6 بجے لسانی معاونتیں بذریعہ فون 200 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں۔

خاندانوں کے لیے ویک اینڈ ویلنس میں شرکت

اسکول کا دفتر برائے بہبود پروگرامز ہپ ہاپ پبلک ہیلتھ کے ساتھ (hhph.org) ایک مفت، تین حصے کی ماہانہ ہفتہ کی صبح کی تقریب کے سلسلے میں شراکت کررہا ہے، ویک اینڈ ویلنس : برادریوں اور خاندانوں کے لیے ذاتی دیکھ بھال۔ ہم ہر ایک کی ان ہفتہ کی صبح کی سرگرمیوں میں صبح 10:30 تا 11:30 بجے ہمارے ساتھ شامل ہونے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں:

- **20 مارچ:** ذہنی صحت اور جسمانی سرگرمیاں
- **24 اپریل:** نسلی تعصب اور صحت / اضطراب میں تعلق

ان سرگرمیوں کے بارے میں مزید معلومات اور رجسٹر کروانے کے لیے، conta.cc/3u8lqOU پر جائیں۔